## 451 ـ بال اتارنے کا حکم

**سوال**

کیا انسان کے لیے اپنے جسم کے بال مونڈنے جائز ہیں، کیونکہ جب شدید گرمی یا پھر کوئی ورزش وغیرہ کر رہا ہو تو پسینہ سے شرابور ہو جاتا ہے، میری مراد یہ ہے کہ سینہ اور پشت اور ٹانگوں کے بال وغیرہ ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

شریعت میں بال تین قسم کے ہیں:

پہلی قسم:

وہ بال جنہیں باقی رکھنے کا حکم ہے، اور وہ مرد کی داڑھی کے بال ہیں.

دوسری قسم:

وہ بال جنہیں اتارنے اور ختم کرنے کا حکم ہے، یہ بغلوں، اور زیر ناف بال، اور مونچھوں کے ہونٹوں سے لمبے ہونے والے بال ہیں.

تیسری قسم:

وہ بال جن کے متعلق شریعت ساکت ہے، مثلا ہاتھ، پاؤں اور سینہ اور پیٹھ کے بال، تو ان کا زائل کرنا جائز ہے.

واللہ اعلم .